# 11-03-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

1۔کل سے شروع ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے طوفانی بجٹ اجلاس کے آغاز کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

2۔ناگر کرنول کے ڈوملا پنٹا میں سری سیلم لیفٹ بینک کینال (SLBC) سرنگ میں ملبے کے نیچے پھنسے باقی سات افراد کو تلاش کرنے کی کوششیں 18 ویں دن بھی جاری ہیں۔

3۔ریاستی ہاؤزنگ منسٹر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ مالی رکاوٹوں کے باوجود ریاستی حکومت اندراما گھروں کے لیے فنڈز جاری کرے گی۔

4۔ایم ایل اے کوٹے کے تحت ریاستی قانون ساز کونسل کے آئندہ دو سالہ معیاد کے انتخابات کی نامزدگیوں کی جانچ آج شروع ہو رہی ہے۔کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آخری دن جمعرات ہے۔

ASSEMBLY

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا کل سے شروع ہونے والے طوفانی اجلاس کے آغاز کے لیے تمام انتظامات مکمل ہیں۔اسمبلی سیشن کا آغاز گورنر جشنو دیو ورما کے مقنّنہ کے مشترکہ اجلاس سے روایتی خطاب کے ساتھ ہوگا جس کے بعد اجلاس دن بھر کے لیے ملتوی کر دیا جائے گا۔ خطاب کے بعد مقنّنہ کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی (بی اے سی) کی میٹنگ کے بعد اجلاس کے دورانیے اور ضروری اشیاء کو حتمی شکل دی جائے گی جو اجلاس کے دوران اٹھائے جانے چاہئیں۔حکمراں کانگریس پارٹی اور اپوزیشن بی آر ایس نے اسمبلی اجلاس کے لیے اپنی اپنی حکمت عملی تیار کی ہے۔واضح رہے کہ چندر شیکھر راؤ نے آج مقنّنہ پارٹی کی ایک تفصیلی میٹنگ منعقد کی جس میں پارٹی کے قانون سازوں کو اس موقف کے بارے میں آگاہ کیا جو فوری اہمیت کے مسائل پر اپنایا جانا چاہئے۔بی آر ایس اور بی جے پی دونوں ہی ٹریژری بنچوں کو گھیرنے کے لیے تیار ہیں اجلاس کے دوران کسانوں کے مسائل۔ایس ایل بی سی کے حادثے اور کانگریس حکومت کی جانب سے کئے گئے انتخابی وعدوں پر عمل نہ کرنے کے مسائل پر بھی حکومت کو گھیرا جائے گا۔ کانگریس پارٹی نے پہلے ہی اپنے اراکین کو اپنی کامیابیوں پر روشنی ڈالنے کے لیے کہا ہے جیسے کہ پسماندہ طبقات کو تحفظات میں اضافہ، ایس سی درجہ بندی اور خاندانی سروے وغیرہ۔

SLBC

ناگر کرنول کے ڈوملا پنٹا میں سرنگ کا ایک حصہ منہدم ہونے کے بعد سری سیلم لیفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) سرنگ میں ملبے کے نیچے پھنسے باقی سات افراد کو تلاش کرنے کی کوششیں 18 ویں دن بھی جاری رہیں۔ریسکیو ٹیموں نے دو جگہوں میں سے ایک پر کھدائی میں مدد کے لیے ایک روبوٹ کا استعمال کیا جو اسنیفر ڈاگز اور گراؤنڈ پروبنگ ریڈار (جی پی آر) اسکیننگ میں معلوم ہوا ہے۔ریسکیو آپریشن کی نگرانی کرنے والے اہلکاروں کے مطابق نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (این ڈی آر ایف)، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی

آر ایف )، سنگارینی، ایس سی آر، راٹ مائنرس اور چند دیگر ایجنسیوں کے تقریباً 110 ریسکیو اہلکار اے این وی آئی روبوٹکس کے ایک روبوٹ کے ساتھ صبح سرنگ کے اندر گئے اور لاشوں کا پتہ لگانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ ملبے کے نیچے ریسکیو ٹیموں نے HRDDs کی طرف سے شناخت کیے گئے انتہائی ممکنہ نکات کی بنیاد پر ڈی سلٹنگ ، ڈی واٹرنگ اور کھدائی کے کام کو بھی تیز کر دیا ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ روبوٹ یونٹ کل تک مکمل طور پر فعال ہو جائے گا۔۔ ہمارے ناگر کرنول کے نمائندے نے بتایا کہ۔

Sound Byte

PONGULETEE

ریاستی وزیر ہاؤزنگ پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ باوجود مالی رکاوٹوں کے ریاستی حکومت اندراما گھروں کے لیے فنڈز جاری کرے گی۔ وزیر موصوف کھمم ضلع کے پونیا پورم گاؤں ویارا منڈل میں اندراما مکانات کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر نے رہائش سے فائدہ اٹھانے والے جوڑوں میں نئے کپڑے بھی تقسیم کئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ حکومت نے ہاؤسنگ اسکیم شروع کی ہے تا کہ مستفیدین حکومتی تعاون سے اپنا گھر بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اہل مستفیدین کو چار قسطوں میں رقم دی جائے گی۔

Sound byte

RS CANCER

اگلے تین سالوں میں ملک کے تمام اضلاع میں مرکزی حکومت ہر جگہ ڈے کیئر کینسر سنٹر کھولے گی۔۔ آج راجیہ سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا کہ 2025-26 میں دوسو ڈے کیئر کینسر سنٹر کھولے جائیں گے۔ ایک حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے، نڈا نے کہا، آیوشمان بھارت-پی ایم جن آروگیہ یوجنا کے نفاذ کے ساتھ، اسکریننگ کے 30 دنوں کے اندر کینسر کے مریضوں کا علاج شروع کیا جاتا ہے۔

KAVITHA

بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا نے آج ریاستی حکومت سے فوری مطالبہ کیا کہ انتخابی وعدوں کے مطابق 15,000 روپے فی کوئنٹل ہلدی کی کم از کم امدادی قیمت (MSP) کو یقینی بنانے کے لیے مداخلت کریں۔ انہوں نے کسانوں کی حفاظت کے لیے حکومت کے اقدامات کے بارے میں جاننے کی کوشش کی، جبکہ ہلدی کی قیمت 9,000 روپے فی کوئنٹل تک گر گئی۔ ایک بیان میں کویتا نے چیف منسٹر ریونت ریڈی اور کانگریس کے لوک سبھا لیڈر راہول گاندھی پر جھوٹے وعدوں کے ساتھ کسانوں کو دھوکہ دینے کا الزام لگایا۔ انہوں نے سوال کیا کہ حکومت کیوں خاموش ہے جبکہ ہلدی کی قیمت 9000 روپے فی کوئنٹل تک نہیں پہنچ سکی۔

JATIAL

اس دوران ہلدی کے کسانوں نے آج میٹ پلی ٹاون میں ایک بہت بڑی ریلی نکالی۔ کسان فصل کے لیے کم از کم امدادی قیمت کا مطالبہ کر

رہے تھے۔ ہلدی کی قیمت میں زبردست گراوٹ کے تناظر میں، ریعّتو جے اے سی نے اپنا احتجاج درج کرانے کے لیے چلومیٹ پلی کی کال دی ہے۔ کال کے ایک حصے کے طور پر، تین اضلاع جگتیال، نظام آباد اور نرمل کے کسان یہاں جمع ہوئے۔ بعد میں انہوں نے میٹ پلی مارکیٹ یارڈ سے پرانے بس اسٹینڈ تک ایک ریلی نکالی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جے اے سی لیڈروں نے ریاستی اور مرکزی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ ہلدی کو مارکیٹ انٹروینشن اسکیم (MIS) کے تحت 15,000 روپے کا MSP فراہم کریں اور خریداری مراکز قائم کرکے کسانوں سے براہ راست فصل خریدیں۔

NOMINATIONS

کانگریس، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (سی پی آئی) اور بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) کی جانب سے ایم ایل اے کوٹہ کے تحت ریاستی قانون ساز کونسل کے آئندہ دو سالہ انتخابات کے لیے داخل کردہ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال آج شروع ہوئی۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ اس ماہ کی 13 تاریخ ہے اور اگر ضروری ہوا تو پانچ عہدوں کے لیے پولنگ اس ماہ کی 20 تاریخ کو ہوگی۔ اس مہینے کی 29 تاریخ کو چار موجودہ بی آر ایس ایم ایل سی اور ایک مجلسی ایم ایل سی کی معیاد ختم ہونے کی وجہ سے یہ عہدے خالی ہوئے ہیں۔ متعلقہ پارٹیوں کے ایم ایل ایز کی عددی طاقت کو دیکھتے ہوئے تمام نامزد امیدواروں کے بہ آسانی جیتنے کا امکان ہے۔

GOVERNOR

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج ملگو ضلع کے تاڈوائی منڈل کے کونڈا پرتی گاوں میں مختلف ترقیاتی کاموں کی تقریب میں حصہ لیا۔ اس موقع پر گورنر نے کونڈہ پرتی ولیج کو اس کی ترقی کے لئے گود لیا ہے۔ ریاستی وزیر برائے بہبود خواتین واطفال سیتہ اکا نے گورنر کے علم میں یہ بات لائی کہ گذشتہ سال بادل پھٹنے کی وجہ سے کونڈا پرتی گاوں کو کافی نقصان اٹھانا پڑا۔ گورنر نے فوری ترقیاتی کاموں کو مکمل کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ ساتھ ہی اس گاوں کے بے روزگار خواتین و نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے ضمن میں بھی ہدایتیں دیں۔

SCCL

سنگارینی کولیریز کمپنی لمیٹڈ (ایس سی سی ایل) نے بھارت ہیوی الیکٹریکلز لمیٹڈ (بی ایچ ای ایل) کے ساتھ اپنے 800 میگاواٹ کے الٹرا سوپر کریٹیکل تھرمل پاور پلانٹ کے کام کو انجام دینے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے جو کہ منچر یال ضلع میں جے پور کے قریب پیگاڈا پلی میں موجودہ 2×600 میگاواٹ کے منصوبے کے احاطے پر بنائے گئے ہیں۔ بی ایچ ای ایل پاور پلانٹ کے لیے نہ صرف بوائلر، ٹربائنز اور جنریٹرز (بی جی ٹی) فراہم کرے گا بلکہ سول کام بھی کرے گا۔ ایس سی سی ایل کے چیئرمین اور منیجنگ ڈائریکٹر این بلرام کے ساتھ ایس سی سی ایل کے ڈائریکٹرز اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر، بی ایچ ای ایل کے ہیڈ پارتھا سارتھی داس اور جنرل منیجر جوگیش گلاٹی معاہدے پر دستخط کرنے والوں میں شامل تھے۔

WEATHER

اگلے تین دنوں کے دوران تلنگانہ کے الگ الگ مقامات پر صبح کے اوقات میں دھند یا دھند کی کیفیت رہنے کا امکان ہے۔ موسمیاتی مرکز نے

آج کہا کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست میں روزانہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں بتدریج 2-4 ڈگری سیلسیس تک اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں آئندہ سات دنوں کے دوران موسم خشک رہنے کا بھی امکان ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ کل ریاست کے عادل آباد میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 37.8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

SCHOOLS

تلنگانہ میں دن کے درجہ حرارت میں اضافہ کے ساتھ ہی ریاستی حکومت نے اسکولوں میں آدھے دن کا اعلان کیا۔ محکمہ تعلیم کی پریس ریلیز کے مطابق تمام سرکاری، سرکاری امداد یافتہ اور پرائیویٹ پرائمری، اپر پرائمری اور ہائی اسکول صبح 8 بجے سے دوپہر 12.30 بجے تک چلیں گے۔ سرکاری اسکولوں میں دوپہر کا کھانا دوپہر 12.30 بجے فراہم کیا جائے گا۔ تعلیمی سال 2024-25 کے لیے آخری کام کا دن 23 اپریل ہے۔

TGFDC

تلنگانہ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن۔ ٹی جی ایف ڈی سی۔ نے غدر فلم ایوارڈس کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ حکومت نے تلنگانہ فلم انڈسٹری میں ان کی نمایاں خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پیدی جیاراج اور کانتاراؤ کے نام سے خصوصی اعزازات متعارف کرائے ہیں۔ مزید برآں، مشہور فلم کے زمرے کا ایوارڈ معروف اداکار آنجہانی ایم پربھاکر ریڈی کے نام سے دیا جائے گا۔ حکومت نے ایوارڈز لائن اپ میں اردو زبان کی فیچر فلموں کے لیے بھی ایوارڈز متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق غدر فلم ایوارڈز کے لیے درخواستیں پرسوں سے اے سی گارڈس حیدرآباد میں واقع فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے دفتر میں داخل کی جاسکیں گی۔

LS MGNREGA

مرکزی حکومت نے آج زور دے کر کہا کہ ملک میں مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ اسکیم کے نفاذ میں جہاں کہیں بھی ہدایات اور قواعد کی خلاف ورزی ہوتی ہے وہاں مناسب کارروائی کریں گے اور خصوصی ٹیمیں روانہ کی جائیں گی۔ یہ بات مرکزی دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران سرسری سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ ان کے جونیئر ساتھی کملیش پاسوان نے ایوان کو مطلع کیا کہ مرکزی حکومت نے 2024-25 میں منریگا کے لیے فنڈ کو 86 ہزار کروڑ روپے تک بڑھا دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2006-07 میں یو پی اے کے دور حکومت میں اس اسکیم کے لیے 11 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مختص کیے گئے تھے۔ پاسوان نے یہ بھی بتایا کیا کہ کارکنوں کی زیر التواء ادائیگی جلد ہی کردی جائے گی۔

GROUP II

تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن (TGPSC) نے اپنی سرکاری ویب سائٹ پر گروپ-11 کے امتحان کے لیے جنرل رینکنگ لسٹ (GRL) اور انفرادی امیدواروں کے نشانات شائع کیے ہیں۔ چار پیپرز کا امتحان گزشتہ سال 15 اور 16 دسمبر کو ہوا تھا۔ چار تھیوری پیپرز میں دولاکھ پچاس ہزار سے زائد امیدواروں نے شرکت کی۔